ڈاکٹر اے کیو خان سکول اینڈ کالج بحریہ ٹاؤن فیز ۸

ماڈل پیپر اردو جماعت پنجم

مقررہ وقت : 20منٹ

نام: ____________ فریق: ____________

تاریخ: ____________ دستخط نگران امتحان: ____________

حصہ اول(کل نمبر10)

سوال نمبر1: دیے گئے سوالات میں درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ (10)

نمبر شمار	سوال	الف	ب	ج	د
i.	ایسی نظم جس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف کی جائے، کیا کہلاتی ہے؟	مرثیہ	نظم	نعت	حمد
ii.	دنیا کا سب سے بڑا صحرا________ہے۔	صحارا	چولستان	تھل	تھر
iii.	مسجد نبوی ﷺ قواعد کی رو سے کیا ہے؟	اسم نکرہ	اسم معرفہ	مرکب عطفی	مرکب مقداری
iv.	صادق اور امین کس ہستی کے القاب ہیں؟	حضرت داؤدؑ	حضرت محمد ﷺ	حضرت عیسیٰؑ	حضرت موسیٰؑ
v.	قومی ترانہ کس مشہور شاعر کی تخلیق ہے؟	اسماعیل میرٹھی	میر تقی میر	علامہ اقبال	حفیظ جالندھری
vi.	ایسی نظم جس کے ہر بند کے پانچ مصرعے ہیں________کہلاتی ہے۔	مسدس	مخمس	رباعی	قصیدہ
vii.	علامہ اقبال کو سر کا خطاب کب ملا؟	1923ء	1786ء	1920ء	1820ء
viii.	دو لوگوں کے درمیان کسی ایک موضوع پر ہونے والی گفتگو کو________کہتے ہیں۔	کہانی	محاورہ	مکالمہ	روداد
ix.	دنیا بھر میں یکم مئی کو________منایا جاتا ہے۔	یوم کشمیر	یوم مزدور	یوم سیاہ	یوم دفاع
x.	ای میل خط کی جدید________ہے۔	شکل	عقل	نقل	رقم

ڈاکٹر اے کیو خان سکول اینڈ کالج بحریہ ٹاؤن فیز ۸

ماڈل پیپر اردو جماعت پنجم

مقررہ وقت: 1 گھنٹہ، 40 منٹ | **کل نمبر: 50**

حصہ دوم (کل نمبر: 25)

سوال نمبر 2: الف۔ حصہ نثر

درج ذیل عبارت کو پڑھ کر آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات اپنے الفاظ میں لکھیں۔ (5x2=10)

جس کرہ ارض پر ہم رہتے ہیں، یہاں زندہ رہنے کے لیے اللہ تعالی نے ہمیں تازہ، ہوا صاف پانی، اچھی خوراک کے علاوہ پیڑ، پودوں اور پر سکون فضا جیسی نعمتوں سے بھی نوازا ہے۔ یہ سب مل کر ہماری زندگی کو صحت منداور خوشگوار بناتے ہیں۔ ان میں سے کوئی بھی چیز ہمیں تواتر سے میسر نہ آئے تو ہمارا نظام زندگی بہت سی بیماریوں اور نا قابل برداشت تکالیف میں گھر جاتا ہے لیکن ہم انسان اپنے ہی ہاتھوں سے پیڑ پودوں کو کاٹ کر ان کی جگہ زہریلی گیسیں پیدا کرنے والے کارخانے اور مشینیں لگا رہے ہیں، جو ہماری صحت اور زندگی پر برے اثرات ڈالتے ہیں۔ ماحولیات کے ماہرین کے مطابق کسی بھی ملک کے ایک چوتھائی رقبے پر جنگلات کا ہونا بہت ضروری ہے۔ درخت ہمیں آکسیجن فراہم کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ کثیف اور گندی ہوا کو اپنے اندر جذب کر کے ماحول کو خوش گوار بناتے ہیں۔ درختوں کی کٹائی سے ماحول میں کثیف مادوں کی کی زیادتی ہو جاتی ہے، جس سے ماحول آلودہ ہو جاتا ہے اور مضر بیماریوں کا سبب بنتا ہے۔ ان برے اثرات سے بچنے کے لیے ضروری ہے کہ ہم زیادہ سے زیادہ جنگلات لگائیں۔ اپنے ماحول کو صاف رکھیں۔ ہم ذمہ داری کا مظاہرہ کر کے کرہ ارض کو پر سکون اور محفوظ بنا سکتے ہیں۔

سوالات

i. ماحول کی آلودگی کی کوئی دو وجوہات بتائیں۔

ii. صحت اور زندگی پر برے اثرات کی کیا وجوہات ہیں؟

iii. کسی ملک کے کتنے رقبے پر جنگلات ہونے چاہیے؟

iv. درختوں کے کوئی سے دو فائدے بتائیں۔

v. اس عبارت کا خلاصہ لکھیں۔ **یا** اس عبارت کا مرکزی خیال تحریر کریں۔

(ب) حصہ شعر : (5)

درج ذیل اشعار پڑھیں اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

i. اک چراگاہ تھی ہری بھری کہیں
تھی سراپا بہار جس کی زمیں

ii. پڑ جائے اس جہاں میں ہوا کی اگر کمی
چوپایہ کوئی زندہ بچے اور نہ آدمی

iii. فرمایا دور کرو تکلیفیں تم آفت کے ماروں کی
معذوروں کی، مجبوروں کی، بیماروں کی، بے چاروں کی

سوالات

i. چراگاہ کا کیا منظر پیش کیا گیا؟ بحوالہ شعر (i) (1.5)

ii. شعر کا مفہوم بیان کریں؟ بحوالہ شعر (ii) (2)

iii. نبی کریم ﷺ کی آمد سے کن لوگوں کی تکلیفیں دور ہوئیں؟ بحوالہ شعر (iii) (1.5)

سوال نمبر 3 : حصہ قواعد (10)

(الف) اسم معرفہ کی تعریف مع امثال لکھیں۔ (2)

(ب) ہدایات کے مطابق حل کریں۔ (4)

i. کسی بھی عام شخص یا چیز کے نام کو کیا کہتے ہیں؟

ii. دیئے گئے الفاظ کے معنی لکھیں۔ دل کش، نوازنا، شکست ، ضمانت

iii. ' سر' سابقہ سے دو الفاظ لکھیں۔

iv. مترادف لکھیں ۔ خواہش، آسمان

(ج) جملے بنائیں۔ (4)

درگزر، انصاف، ہریالی، پوشیدہ

حصہ سوم (کل نمبر 25)

سوال نمبر 4: درج ذیل نظمیہ جُز میں سے کسی ایک کی تشریح کریں۔ نیز نظم اور شاعر کا نام بھی لکھیں۔ (4+1)

(الف) خدا سب کا خالق ہے کون و مکاں میں   یہ گل کاریاں جس قدر ہیں جہاں میں
فلک، چاند، سورج، یہ روشن ستارے
پہاڑ اور دریا، یہ دلکش نظارے کہ شبنم نے پھولوں کے چہرے نکھارے

یا

(ب) ہونے کو آئی صبح تو ٹھنڈی ہوا چلی   کیا دھیمی دھیمی چال سے یہ خوش ادا چلی
لہرا دیا ہے کھیت کو، ہلتی ہیں بالیاں
پودے بھی جھومتے ہیں، لچکتی ہیں ڈالیاں   پھلواریوں میں تازہ شگوفے کھلا چلی
سویا ہوا تھا سبزہ، اسے تو جگا چلی

سوال نمبر 5: مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر دیئے گئے اشارات کی مدد سے 150 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیں۔ (10)

قائداعظم

i. تعارف   ii. ابتدائی تعلیم   iii. کانگرس میں شمولیت

iv. عظیم رہنما   v. حاصل بحث

انٹرنیٹ کا استعمال

i. تعارف   ii. موجودہ دور کی اہم ایجاد   iii. انٹرنیٹ کے مثبت اور منفی اثرات

iv. تعلیم پر انٹرنیٹ کے اثرات   v. حاصل بحث

سوال نمبر 6: سکول پرنسپل کے نام کھیلوں کے پیریڈ بڑھانے کے لیے درخواست لکھیں ۔ (5)

یا

کونسلر کے نام محلہ صفائی کی درخواست لکھیں۔

سوال نمبر 7: دوست کے نام تحفے کے شکریے کا خط لکھیں۔ (5)

یا

چھوٹے بھائی کے نام کتب بینی کی اہمیت پر خط لکھیں۔